پس اے لوگو! یے نماز اپنے گھروں میں پڑھو؛ کیونکے فرض نماز کے سوا، انسان کی سب سے افضل نماز، اس کے گھر میں پڑھی جانے والی نماز ہے

زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کے نبی کریم ﷺ نے مسجد نبوی میں چٹائی سے گھیر کر ایک حجرہ بنا لیا اور (رمضان کی) راتوں میں اس کے اندر نماز پڑھنے لگے، پھر اور لوگ بھی جمع ہو گئے، تو ایک رات نبی کریم ﷺ کی آواز نہیں آئی لوگوں نے سمجھا کے نبی کریم ﷺ سو گئے ہیں اس لیے ان میں سے بعض کھنکھارنے لگے؛ تاکے آپ باہر تشریف لائیں، پھر نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میں تم لوگوں کے کام سے واقف ہوں، یہاں تک کے مجھے ڈر ہوا کے کہیں تم پر یے نماز (تراویح) فرض نے کر دی جائے اور اگر فرض کر دی جائے تو تم اسے قائم نہیں رکھ سکو گے پس اے لوگو! اپنے گھروں میں یے نماز پڑھو کیونکے فرض نماز کے سوا انسان کی سب سے افضل نماز اس کے گھر میں پڑھی جانے والی نماز ہے

[صحیح] [متفق علیہ]

حدیث یے بیان کرتی ہے کے آپ ﷺ نے مسجد کے ایک کونے میں چٹائی سے حجرہ بنالیا تھا، بظاہر یہی لگتا ہے کے وہ اعتکاف کی جگہ تھی، آپ ﷺ رات کو اس میں نماز پڑھتے تھے، لوگوں نے آپ کی آواز سنی، تو آپ کی اقتدا کرنے لگے، کچھ راتیں گزرنے کے بعد انہوں نے آپ کی آواز نہیں سنی، تو یے خیال کیا کے آپ سو چکے ہیں اور آپ کو جگانے کے لیے کچھ آوازیں نکالنے لگے آپ ان کے پاس آئے اور ان سے کہا کے میں سویا نہیں تھا، بلکے مجھے یے ڈر تھا کے کہیں یے نماز تم پر فرض نے کر دی جائے اور فرمایا کے اگر یے تم پر فرض کردی جائے، تو تم اسے قائم نہیں کرسکوگے اور فرمایا کے تمہارے لیے اپنے گھروں میں نفل نماز پڑھنا زیادے بہتر ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/11292